ادبی عدالت نے ابنِ صفی کو بری کر دیا

کراچی ۲۷ دسمبر (اسٹاف رپورٹر) ممتاز جاسوسی ناول نگار ابن صفی کو ادبی عدالت سے بری کر دیا گیا۔ عدالت کی کارروائی ایوانِ بزمِ مفکرین انجمن طلبا جامعہ کراچی کے زیر اہتمام آرٹس آڈیٹوریم میں ہوئی۔ جناب جسٹس قدیر الدین کی عدم موجودگی کی وجہ سے جج کے فرائض ڈاکٹر فرمان فتحپوری نے انجام دیئے

جامعہ کی ادبی عدالت میں جناب ابن صفی اپنے مقدمہ کی کارروائی دیکھ رہے ہیں

دوسرے ججوں میں ڈاکٹر فنطوا حمیدی اور جناب عبدالمالک مجاہد شامل تھے۔ وکیل استغاثہ کے فرائض محترمہ سعیدہ رشید اور جناب شفیع نقی جامعی نے اور وکیل صفائی کے فرائض جناب ناہید حسین بخاری اور جناب جنید فاروقی نے انجام دیئے۔ کارروائی ۱۱ بجکر ۳۰ منٹ پر شروع ہوئی اور ایک بجکر ۴۵ منٹ پر ختم ہوئی۔ ملزم پر یہ الزام تھا کہ ان کی تحریروں سے معاشرے میں برائیاں پیدا ہوئیں اور خاص طور پر نوجوان طبقے نے ان کی تحریروں کا زیادہ اثر قبول کیا جس کی وجہ سے نوجوانوں میں جرائم کا رجحان بڑھ رہا ہے۔ ملزم کی تحریروں میں جھوٹ اور مبالغہ کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ اس سلسلے میں ان کے کردار حمید اور فریدی کو پیش کیا جا سکتا ہے۔ استغاثے کی جانب سے ابن صفی کی ۱۵ کتابوں کے حوالے پیش کیے گئے۔ وکلائے صفائی نے بھی بحث کے دوران ملزم کی وکالت میں ۱۵ کتابوں کے حوالے پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملزم پر یہ الزام اس لئے غلط ہے کہ ان کی تحریروں سے جرائم میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ کسی نوجوان نے جسے گرفتار کیا گیا کبھی یہ اعتراف نہیں کیا کہ اس نے جرم ابن صفی کی تحریروں سے متاثر ہو کر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی مثال بھی نہیں ملتی کہ کسی مجرم نے فریدی یا حمیدی کو آئیڈیل بنا کر ارتکاب جرم کیا ہو

عدالت میں ملزم ابن صفی نے بھی بیان دیا انہوں نے کہا کہ میں شاعر بھی تھا اور معاشرتی ناول نگار بھی لیکن اسوقت مجھے پیٹ کی آگ بجھانے کے لئے پاپڑ بیلنے پڑتے تھے۔ اب میری کتابیں ہاتھوں ہاتھ بک جاتی ہیں دونوں جانب کے دلائل سننے کے بعد جیوری جناب منظور احمد نے فیصلہ دیا کہ مقدمہ کی کارروائی اسلئے غیر قانونی ہے کہ جج کی اجازت کے بغیر کارروائی شروع کی گئی ہے اس لئے مقدمہ کو خارج کر دیا جانا چاہیئے۔ جیوری جناب عبدالمالک مجاہد نے اپنے فیصلہ میں کہا کہ ملزم پر کوئی الزام ثابت نہیں ہو سکا۔ ملزم کو صرف وارننگ دیکر بری کر دیا جانا چاہیئے۔ فاضل جج نے اپنے فیصلہ میں کہا کہ یہ مقدمہ عوامی نوعیت کا ہے اس لئے اسے ادبی عدالت کے بجائے عوامی عدالت میں پیش کیا جانا چاہیئے۔ چنانچہ انہوں نے حاضرین سے رائے لی تو عوام نے انہیں بری کرنے کے حق میں فیصلہ دیا۔

پولیس پر جمعیت کے رہنما کے اہل خاندان کو ہراساں کرنے کا الزام

کراچی ۲۷ دسمبر۔ جمعیت علمائے پاکستان ملیر کھوکھراپار سوسائٹی و مضافات کے صدر حافظ محمد بخش، نائب صدر محمد اسلم نعیمی، نائب ناظم مولانا شبیر احمد نے ایک بیان میں الزام لگایا ہے کہ پولیس اور پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے مضافات کے سیکریٹری اطلاعات جناب عبدالحمید حمیدی کے مکان پر چھاپہ مارا اور گھر والوں کو ہراساں کیا۔ جس کی وجہ یہ تھی کہ مسٹر حمیدی نے ان افراد کے خلاف احتجاج کیا تھا جو کھوکراپار پوسٹ آفس سے زبردستی شناختی کارڈ لے جا رہے تھے۔ بعد میں جب جمعیت کے سیکریٹری تھانے پہنچے تو ان کی رپورٹ لکھنے سے انکار کر دیا گیا۔ جمعیت کے پریس ریلیز میں وزیر اعلیٰ جتوئی سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس پورے واقعات کی تحقیقات کرانے کے بعد مناسب احکامات صادر کریں۔

کراچی شپ یارڈ قاسم پورٹ اتھارٹی کے لئے پائلٹ جہاز تیار کریگا

کراچی ۲۷ دسمبر۔ کراچی شپ یارڈ انجینئرنگ ورکس لمیٹڈ قاسم پورٹ اتھارٹی کے لئے پائلٹ جہاز تعمیر کریگا۔ اس سلسلے میں پورٹ قاسم اتھارٹی کی طرف سے کموڈور محمود الحسن اور کراچی شپ یارڈ کی جانب سے کموڈور ایس بی سلیمی نے آج ایک سمجھوتے پر دستخط کئے یہ جہاز ۳۷ لاکھ ۸ ہزار کی لاگت سے تیار کیا جائے گا۔

نئے وزیر اعلیٰ کا خیر مقدم

کراچی ۲۷ دسمبر (بذریعہ ڈاک) جناب غلام مصطفیٰ جتوئی کو بلا مقابلہ وزیر اعلیٰ منتخب ہونے پر انجمن بخاری کالونی کے ڈاکٹر ایم ایم ضیاء اللہ بیگ نے حوالہ اور نگی یونائیٹڈ فیڈریشن کے وائس چیئرمین بھی ہیں مبارکباد کا تار بھیجا ہے۔ اور اپنے اور اراکین کی جانب سے منتخب وزیر اعلیٰ کو مکمل تعاون اور حمایت کا یقین دلایا ہے ڈاکٹر ایم ایم ضیاء اللہ بیگ نے توقع ظاہر کی ہے جناب غلام مصطفیٰ جتوئی اپنے اعلیٰ تدبر کی بنا پر نہ صرف صوبہ کے حل طلب مسائل پر قابو پالیں گے بلکہ ان کو تمام مکاتب فکر کا تعاون حاصل ہوگا۔ اس سلسلہ میں ڈاکٹر ضیاء اللہ بیگ نے اورنگی ٹاؤن شپ کے مسائل کا خاص طور پر ذکر کیا جو ابھی تک حکومت کی توجہ کے مستحق ہیں۔

پاکستان نیشنل کانگریس کے صدر جناب زاہد رومیلہ ایڈووکیٹ سابق رکن قومی اسمبلی کموڈور خالد جمیل، نیشنل کانگریس کے نائب صدر ممتاز حسن خاں، اور سرسید گرلز کالج کی رہنما ناہید سلطانہ نے ایک مشترکہ بیان میں جناب غلام مصطفیٰ جتوئی کو وزارت اعلیٰ کا قلمدان سنبھالنے پر مبارکباد دی ہے۔ اس سلسلے میں پاکستان نیشنل کانگریس نے وزیر اعلیٰ کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا ہے۔

شیر میاں پیلی بھیتی کا عرس

کراچی ۲۷ دسمبر حاجی محمد شیر میاں پیلی بھیتی کا عرس بمقام تین ہٹی مارٹن کوارٹرز ۱۸/۱ کراچی ۳۰ دسمبر کو زیر سرپرستی سجادہ نشین الحاج سید عبدالرشید میاں منعقد ہو رہا ہے